بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاءَ اللہُ لاقوۃَ الاّ باللہ یاحیُّ یاقیّومُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَولٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللہَ الَّذِىْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْہِ یاحیُّ یاقیّومُ

# مکشوفاتِ منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

# مقالاتِ حکمت دارالاحسانؒ

لِلتَّقْسِيْمِ وَالتَّوْزِيْعِ فِىْ سَبِيْلِ اللہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجَمِيْعِ اُمَّتِ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مؤلّف: ابُوانیس محمّد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

یا حی　　　　یا قیوم

ما شاء الله لا قوة الا بالله　اللهم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی

وعلی آله واصحابه وعترته بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنة عرشک ومداد کلماتک استغفر الله الذی

لا اله الا هو الحی القیوم واتوب الیه ربی یا حی یا قیوم

# جلد ۲۴ بست و چہارم


طبع ———————— اوّل

مطبع ———— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ———— المستفیض دار الاحسان، فیصل آباد


## مقام اشاعت


المقام النّجافُ الصّحافُ المقبول المصطفین ◎ دارُالاِحسان

المستفیض دارُالاحسان چک ۲۴۲ ر ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان　فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعلم ان اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیرٌ

اعلم ان اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیرٌ ○

البقرہ — ۲۵۹

یا حیُّ ماشاءَ اللّٰہُ لاقوّۃَ اِلّا بِاللّٰہ یا قیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ علیٰ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

۱۱۵۳۲

# خالق نے مخلوق پیدا کی
# وُہی اُس کا رَبّ ہے۔

سُبحانَ الخَالِقِ البَارِیٔ

سُبحَانَ اللّٰہِ العَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۳۳

تیری غفاریّت کے مقابل میں کوئی بھی گناہ

کیا وُقعت رکھتا ہے!

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۵۳۴

جذبہ اللّٰہ کی وہ قوّت ہے

جسے کوئی پھاند نہیں سکتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۵۳۵

یہ شیشہ ہے اور شیشے میں
اپنی ہی صورت نظر آیا کرتی ہے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۳۶

فرض شناس بن!
یہی تقلید ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۳۷

جھوٹ کی بات قابلِ اعتماد نہیں ہوتی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۳۸

اِرم کے گُلستان سے رنگ برنگے پھُول
چُن کر یہ گُلدستہ بنایا۔ میرے آقا رُوحی فداہ
صلّے اللہ علیہ وسلّم کی اُمّتِ مرحُومہ کی مغفرت کے لیے
یہ ہدیۂ تبریک پیش ہُوا۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْحَلِیْمُ ط

آمین آمین آمین یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۳۹

پھر بولتے کیوں نہیں ؟
کوئی بُلائے تو بولیں یا خواہ مخواہ بولوں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۰

بعض کاموں کی تبلیغ تو ہوتی ہے،
کیے نہیں جاتے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۱

تیرے کرم کا چرچا سُن سُن کر
مانُوس ہوئے۔ جان میں جان آئی۔ یا اکرم الاکرمین!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۲

کسی کمترین خاکی مخلوق پہ تیرا متوجّہ ہونا
کَرم کی وہ عنایت ہوتی ہے جو کسی کی
بھی سمجھ میں نہیں آسکتی! یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۵۴۳

میرے اللہ نے فرمایا: اے بنی آدم! عہد و پیمان
پہ ثابت قدم رہ!

یہ اِتنے قوّی ہیں اور کڑے کہ دَم مارنے
کی گُنجائش نہیں

یہ شاہ مُہرہ ہے، اِسے اپنا!

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۴

اللہ کے سِوا کوئی بھی کسی کے گھر کے حال
کو نہیں بدل سکتا۔

جو چاہتا ہے، ہوتا ہے۔

اور وُہ اللہ حلیمُ الکریمُ العلیُّ العظیم ہے

حق حق حق هوهو هو

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۵

خواب میں حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السّلام کی

تورات شریف کی زیارت کا شرف حاصل ہوا،

ماشاء اللہ !

خاکی اُستر میں لپٹی ہوئی ایک ضخیم کتاب تھی۔ خواب

ہی میں کھولی، دیکھی، دکھائی اور

حاجی صاحب انباوی کو جلد بندی کے لیے

پیش کردی !

مبارکاً مکرماً مشرفاً !

ف: خدائی کلام تورات، زبُور، اِنجیل،

صحائف ........ خدائی خزانہ کی امانت ہوتے

ہیں، گمُ نہیں ہوتے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم

فالله خير الرازقين

والله ذو الفضل العظيم

۱۱۵۴۶

دُنیاوی بادشاہوں کے لعل و جواہر بھی محفوظ
مقامات پہ نظر سے اوجھل رکھّے جاتے ہیں۔

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۴۷

دُنیائے دُوں کا سب سے قیمتی سرمایہ :
شہزادۂ کونین مولائے حسین علیہ السّلام۔
ناطقِ قرآن کریم کا سَر مبارک کِس مقام پہ رکھا گیا ہوگا!

واللہ اعلم بالصواب۔

تیرے ربّ کی قسم! اگر ہم زِندہ ہوتے،
قافلے کو کبھی آگے نہ جانے دیتے ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۴۸

مولائے حسین علیہ السّلام کی کسی بھی مجلس میں اندر ہو یا باہر، اشکبار ہونا غُسلِ عصیاں ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العَظِیم

۱۱۵۴۹

مَیں ہی غیر حاضر ہوں، تُو ہر جگہ ہر مقام پہ حاضر و ناظر ہے کوئی شک نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العَظِیم

۱۱۵۵۰

ہر کسی نے اور تک مر ہی تو جانا ہے، ایسی عُمدہ شان سے رُخصت ہوا کہ الفاظ نہیں مِلتے۔ (ملتان)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العَظِیم

۱۱۵۵۱

اِدائے نبوّت اُمّتِ مرحومہ کا وہ پردہ ہے
جو ہر شے کو چھپا لیتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۵۲

فقر کے میمورنڈم کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ ہر وقت
ہر کسی کو ہر شے دیتے رہنا اور
شام کو خالی ہاتھ لوٹنا۔ یہی میمورنڈم کی
جان ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۵۳

## اقلیمِ قلبُوت

کِسی سے بھی کوئی دلچسپی نہ رکھنا
اقلیمِ قلبُوت کی آبرُو۔

اقلیمِ قلبُوت کی تعمیر میں اِستقلال کا
پہلا نمبر ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۵۴

بندہ جب بندگی کے معیار پہ پُورا اُترتا ہے
اقلیمُ الورٰی کہلاتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۵۵

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل - ۷۰)

(اور ہم نے اولادِ آدم کو عزّت بخشی)

بندہ بناکر اِکرام کی حد کردی !

یہی بندوں کی شاہی ہے - یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۵۵۶

پرندوں کی دُنیا میں یہ کوّے پریشانی ہی کے عالم میں رہتے ہیں۔ کوئل جب آتی ہے، اُن کے چراکر اپنے انڈے رکھ دیتی ہے اور ایسا ہر سیزن میں ہوتا ہے۔

اگست میں اسے جانا ہوتا ہے لیکن اکتوبر تک

رہتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۵۷

وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

تیرا کوئی شریک نہیں، یکتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۵۸

شریک کوئی بھی ہو،

اپنا کام کر کے ہی دَم لیتا ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۵۹

جُوتا ساتھ ہو تو نمرا نہیں ہوتی ،
اگر پیچھے ہو تو جُوتا نہیں ہوتا !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۱۵۶۰

صَدقاتُ الحسنات ، بلیّات کی جڑیں اکھاڑ
دیتے ہیں

صَدقاتُ الحسنات کی کوئی حد نہیں ۔ اسی طرح اِکرام کی ۔

یاحیّ یاقیوم

کرم اُسے کہتے ہیں جو ہیچ پہ نچھاور ہو !

جب سایہ فگن ہو، دیکھنے کی چیز ہوتا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

١١٥٦١

کُتّے میں دو بُری عادتیں ہیں :

ہم جنس کو بھگا دیتا ہے

کسی عُمدہ مقام پہ پیشاب کرتا ہے

البتہ اپنے مالِک کا بڑا وفادار ہوتا ہے۔

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۶۲

قبیلۂ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقہ الٰہی!

شہ کربلاؑ کا تصدق الٰہی!

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمتِ مرحومہ کی

مغفرت کے لیے فَهَبْ الحسنات

قبول فرما الٰہی! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيمْ

۱۱۵۶۳

جس اللہ کے بندے نے مبلّغین کو پیٹ بھر کر

کھانا کِھلایا، اُسکی کوئی ایسی حاجت پوری کر

جو وہ نہ کر سکتا تھا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيمْ

۱۱۵۶۴

کسی رسم کی پروا مت کر۔
بھوکے کو کھانا کھلا۔
رسم پوری ہوئی۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۱۵۶۵

کسی کے حضرت کو حضرت کہنا
اپنے ہی حضرت کی تعظیم ہوتی ہے یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۱۵۶۶

سوار کو دیکھ کر ہی گھوڑا ہنہنایا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمْ

۱۱۵۶۷

یہ پانی بڑا سفر کرتا ہُوا پھول کی کونپل
تک پہنچا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۶۸

ہر وہ معاملہ جو دِل کی جمعیّت کو بکھیرے،
اہم کہلاتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۶۹

دِل جب سیراب ہو جاتا ہے،
شاداب ہو جاتا ہے۔

اور یہ شُکر کا اعلےٰ مقام ہوتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ

کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی شُکْرًا کَثِیْرًا عَلَی الْعَافِیَۃِ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۵۷۰

# کوئی بھی بڑا نہیں،

# اللہ بڑا ہے!

# اَللّٰہُ اَکْبَرُ الْاَکْبَرُ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۵۷۱

بُلبُل کئی دن سے بول نہ رہی تھی،
بولنے لگی۔

تیرے جلال کی تاب نہ لاتے
مِنقار زیرِ پر رہی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۷۲

# جاگِرات — مَنبعِ فتنات

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۷۳

تیری جاگیر اِقلیمِ قَلبُوت کی شاہی تھی!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۷۴

تیرے حُضور میں حاضر رہنا

جیتے جی مر جانے کے مُترادف ہوتا ہے یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۷۵

اَرض و سَمَا

وَمَا بَینَھُمَا

وَمَا تَحتَ الثَّرٰی

ہیں تیری ہر آواز ہمہ وقت گُونج رہی ہے یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۷۶

حال کا ورُود مقدُور ہوتا ہے،

اپنے ہمراہ برکات لاتا ہے۔

یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۷۷

دَوائی برائے درد گُردہ وپتھری گُردہ:

اجزا: نوشادر ایک پاؤ

پھٹکڑی سُفید ایک پاؤ

قلمی شورہ ایک پاؤ

خرگوش گھریلو ایک عدد

تیاری کا طریقہ:

پہلی تین اشیاء کو باریک پیس لیں۔ پھر

چھلنی میں چھان لیں۔ خرگوش کو ذبح کرکے
اس کا آنتا بیٹا نکال کر اسکی جگہ متذکرہ
بالا پسی ہوئی اشیاء بھر کر سوئی دھاگہ سے سی دیں۔
ایک ہانڈی لیکر اسمیں خرگوش کو رکھ دیں اوپر چینی
لگا کر مٹی سے گلِ حکمت کر دیں۔ ایک من اُپلوں کی
آنچ دیں۔ اگلے دن نکال کر باریک کوٹ لیں۔

**استعمال** : بقدر دو چاول دوائی کو مکھن یا بالائی میں
رکھ کر نہار مُنہ استعمال کریں۔

**غذا** : جتنے دن دوائی استعمال کرنی ہو، ڈبل روٹی
شوربہ کے ساتھ استعمال کریں۔

**پرہیز** : چاول، آلو، چقندر، چنے اور قابض اشیاء وغیرہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۵۷۸

THIS GENTLEMAN

IS A SIMPLE MAN.

CAN YOU ALSO BE

EQUALLY SIMPLE ?

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیۡم

۱۱۵۷۹

SPEECHLESS MESSAGE

IS , OF COURSE , A

FUNDAMENTAL MESSAGE.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیۡم

۱۱۵۸۰

اے او ظُلمت کدہ کے مکینو!
کوئی ایسی توبہ کرو اور ایسی کرو جو توبہ کی دُنیا
میں مایۂ نازِ توبہ ہو۔ کرو بھی!
پھر کب کرو گے؟
جب مر جاؤ گے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

❋

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ
زِندہ کرتا ہے اور مارتا ہے
وَهُوَ حَيٌّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ
اور وُہ زِندہ ہے جِسے موت نہیں!

❋

۱۱۵۸۱

جو کسی کے بھی گمان میں
نہ آسکے، ذاتِ قدس ہے یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۸۲

تُو بے اَنت،
تیری نوازشات بھی بے اَنت!
یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۸۳

تُو ہی نے تو مانگا تھا،
کیونکر نہ دیتا؟
یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۵۸۴

جس جگہ بیٹھ کر پی ،
میخانہ ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۸۵

بات وُہ ہوتی ہے
جو دِل سے نِکلے ،
دِل میں اُترے
اور
ہلچل مچادے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۵۸۶

حال میں ماضی کا شہُود

عنایاتِ قُدسیہ کا وُرود ہوتا ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۱۵۸۷

جب تک جڑ ختم نہیں ہوتی،

پودا پروان چڑھتا رہتا ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۱۵۸۸

سب دوست لائق نہیں ہوتے،

قدر دان ضرور ہوتے ہیں۔!

قدر دانی میں تیرا پہلا نمبر ہو
اور خَلق کی خیر خواہی میں بھی !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۵۸۹

میرے مخدُوم میرے دِلبر
میرے اللہ کے کُن کی کُنجی ہیں ، ماشاء اللہ !

یا حیی یا قیوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۵۹۰

سمندر کے جھاگ میں موتی ہوتے ہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۵۹۱

جس قسم کے درختوں کی دُنیا کو
ضرورت ہوئی، بنائے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۵۹۲

تیرے پاس تو نسخۂ کیمیا تھا،
بن گیا لوہا!! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۵۹۳

UNITY, OF COURSE, PREVAILS.
TRY TO FORGE UNITY
AMONGST MUSLIMS.

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۵۹۴

اے او پانی کے بُلبلے !
تیری بھی کوئی میعاد ہوتی ہے !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۵۹۵

اِرشاداتِ گرامی و معمولاتِ حضرت سرکار پیر و مُرشد
شاہِ ولایت شاہ حکیم امیرالحسن سہارنپوری قدس سرہ العزیز

و- دِن کو مریض بیٹھنے نہیں دیتے،
رات کو صابر صاحبؒ -

و- نمونیا کے مریض کو کھٹّی لسّی اور
ہیضہ کے مریض کو شربت پلاؤ-

و- ہر کسی کو مسّی روٹی کھلاؤ۔

(اور یہ اُن کے مطب کا معمول تھا)

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۹۶

خَلق نہیں ، خالِق کیطرف متوجّہ ہو۔

خالِق ـــــ ہر شے کا مالکؒ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۹۷

مخلُوق کی پردہ پوشی کا مرتبہ

میرے آقا رُوحی فِداہ صلے اللہ علیہ وسلّم کے بعد

مولائے علی کرم اللہ وجہہٗ کو عنایت ہوا اور
پھر فقر ہی کو ورثہ میں ملا۔

یاحیُّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۹۸

سُبحَانَ العَزِیزِ المُقتَدِر

جس بھی قدر کو چاہے، بدل دے۔
کوئی روک نہیں سکتا۔

یاحیُّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۹۹

## حضرت ادریس علیہ السّلام کی دُعا

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَیَا ذَا الطَّوْلِ

اے عزّت و جلال والے اور اے بخشش والے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ظَھْرَ اللَّاجِیْنَ

کوئی معبود نہیں مگر تُو۔ پناہ ڈھونڈنے والوں کی پُشت پناہ تُو ہے

وَجَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ وَاُنْسَ

اور پڑوس ڈھونڈنے والوں کا پڑوسی تُو ہے اور ڈرنے والوں کا

الْخَآئِفِیْنَ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ

انیس تُو ہے مَیں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ

اِنْ کُنْتُ فِیْٓ اُمِّ الْکِتٰبِ شَقِیًّا اَنْ

اگر مَیں لوحِ محفوظ میں بدبخت ہوں تو تُو میری

تَمْحُوَ مِنْ اُمِّ الْکِتٰبِ شَقَایَ

بدبختی کو مٹا دے لوحِ محفوظ سے

وَ تُثْبِتَنِیْ عِنْدَكَ سَعِیْدًا ط

اور اپنے ہاں نیک بخت کر کے پختہ طور پر لکھ دے

وَاِنْ كُنْتُ فِیْ اُمِّ الْكِتٰبِ مَحْرُوْمًا

اور اگر میں لوحِ محفوظ میں محروم و مفلس

مُقْتَرًا عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ اَنْ تَمْحُوَ

ہوں اپنے رزق میں تو مٹا دے

مِنْ اُمِّ الْكِتٰبِ حِرْمَانِیْ وَ

لوحِ محفوظ سے میری محرومی اور

اِقْتَارِیْ وَارْزُقْنِیْ وَ

میری تنگی اور مجھے رزق دے اور

اَثْبِتْنِیْ عِنْدَكَ سَعِیْدًا

مجھے لکھ دے اپنے ہاں خوش بخت

مُوَفَّقًا لِّلْخَیْرِ كُلِّهٖ ٥

ایسا خوش بخت جس کو تمام بھلائیوں کی توفیق دی گئی ہو۔

حضرت حسن بن ابوالحسن رضی اللہ عنہٗ سے روایت
ہے میں خیال کرتا ہوں کہ اُنہوں نے حضرت
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روایت کیا ہے
کہا اُنہوں نے کہ سیدنا حضرت اِدریس علیہ السّلام ایک
دُعا مانگا کرتے تھے جس کے متعلق وہ حکم دیا کرتے
تھے کہ یہ دُعا بیوقوفوں کو نہ سِکھانا کہ وہ اِس کے
ذریعے سے دُعا مانگیں۔ پس وُہ کہا کرتے تھے :

یا ذاالجلال والاکرام......... الخ

( المستدرک لِلحاکم۔ کنزالعمال رکتاب العمل بِالسنۃ ج ۲ صفحہ ۵۵/۵ )

بَس تو یہ ہے کہ ہر شے تیرے ہی بَس میں ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۰

ملامت کی قبا کے اندر، حقیقت کا وہ
پردہ ہوتا ہے جو کبھی افشا نہیں ہوتا۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۱

کربِ عظیم سے فضلِ عظیم کی اُمید!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۲

BELIEVE IT OR NOT,

THE HERMITIC LIFE

IS AN AMPLE REWARD.

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۳

کسی کو بھی سمجھانے سے کیا مطلب ؟
اپنے تئیں سمجھا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۴

یہ دُنیا کانٹے دار جھاڑیوں کی وادی ہے
دامن بچا کر چل !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۵

بُرج جہاں بھی کہلایا، بستی ہی کے نام سے کہلایا۔ گھر سے گھر ملا کر ایک فصیل بنا کر بستی بناتے۔ کوئی حکومت نہ ہوتی۔ اپنا اپنا

کاروبار کرتے۔ رات کو گھریلو حفاظت
کے لیے چوکیدار مُعتّرر ہوتا۔
اِس طرح زندگی گزارتے۔ اگر مارے جاتے،
شہید کہلاتے۔ اور جا جا شہیدوں
کی تُربت ہوتی۔ غیر مُسلم اپنے جانبازوں
کی قبروں کو "شہیدوں کی مَڑھیاں" کہتے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۶۰۶

## ذاتِ قدُس

لامحدود۔
کسی کے بھی گمان میں آسکتی ہے نہ سما۔
مومن کے دِل کا مرکز۔
پتّہ پتّہ ذرّہ ذرّہ تیری ذات کا شہود۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۶۰۷

ہزارہا میل سمندر کی سطح میں کیسے کیسے
جزائر بسائے! یہانتک کہ آدم خور بھی۔ جب کوئی
مرجاتا، اُسی کو کھا لیتے۔

بحرِ منجمد میں ۶ ماہ رات، ۶ ماہ دن مقرّر کیے۔
ان کے کھانے پینے اور پہننے کے اسباب مہیّا کیے۔
بلا تردّد گزران کرتے ہیں۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۸

خَلق سے ایک نقطہ مٹا کر حَلق بنا،
اور حَلق پہ زندگی کا دارومدار۔ یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۰۹

THE INTIMATE STUDY OF

MANKIND,

WHOEVER SCHOLAR MAY MAKE IT,

BRINGS ABOUT SHOWER OF

BLESSINGS, PURITY, FAITH

AND PEACE.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیم

۱۱۶۱۰

A MAN CANNOT BE PIOUS.

STRUGGLE HARD

TO BECOME ONE.

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۶۱۱

PIETY IS THE HUMAN

REWARD AND AWARD.

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۶۱۲

سمجھ : یہ رات تیری آخری رات ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۱۳

تیری یاد — زِندگی کی معراج

— بندگی کا حاصل

شبنم کی کلی مُسکرائی ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۱۴

THE SINCERE AVOIDS SINS.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۱۵

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ
فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ ط

گھبرا مت ! وُہ دیکھ
عافیت کی وادی شروع ہونے والی ہے

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۶۱۶

خصائلِ نبوّت میں سرِ فہرست :
جھوٹ مت بول
غیبت مت کر
چُغلی مت کھا
حَسد مت کر

جس بھی بندے میں یہ پائے جائیں،
اگرچہ کافر ہو، اِیمان اُس کا
اِستقبال کرے کہ آ بھی جا!
بندگی کی تمکنت کا وُرُود ہو۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۱۶۱۷

کُوک، کِسی کی بھی ہو،
سُنی جاتی ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۱۶۱۸

یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ یَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ
یَا ذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

و جیب خالی ہو
و سر پہ قرآنِ کریم ہو
و گٹھلی میں آٹے کی چٹکی ہو
و مفلوک الحال بیوگان، نادار اور
لاچار مساکین کی تلاش میں مارے مارے پھرتا ہو
یہ بھری، یہ بھری، یہ !
خانقاہی نظام کی حقیقت ہوتی ہے

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۱۹

یہ وادی تیرا اِنتظار کر رہی ہے ۔ اَپنے اقوال
پہ ثابت قدم رہ ۔ یہ کھلی ، یہ کھلی ، یہ !

اِس وادی کے تصرّفات و برکات کسی کے
بھی گمان میں آسکتے ہیں ، نہ سما ۔

الانسان عین الوجود
والسبب فی کل موجود

انسان جب انسان بنا
اَنوارات و اَسرارات کا خزینہ بنا
مکنون ابواب کا باب کھلا ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۰

قبر بولی : اپنے رہنے کے لیے کیا سامان
لے کر آئے ہو ؟

"اپنے ربّ کی رحمت کی اُمید !"

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۲۱

مٹّی پہ اِترانا بھی ایک
فخر تھا !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۶۲

عنایتِ الٰہیہ رنگا رنگ رُوپ میں
ڈُوب ڈُوب کر کبھی فنا، نہیں ہوتی،
بقا ہی کی رونق ہوتی ہے۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۶۶۳

تیرے رنگ گم نہیں گئے،
موجود ہیں لیکن تُو
کسی بھی میدان میں اُترا نہیں!
مُدّت گزری، تکتے تکتے یہ دِن آئے!
آ بھی جاؤ.....
پھر کب آؤ گے؟ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۶۲۴

# خَلق ——— کَرم پہ نازاں

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۵

# حیلہ جب ختم ہو جاتا ہے ،
# وسیلہ آتا ہے ۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۶

ALMIGHTY POWER

BELONGS TO ALLAH ALONE.

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۷

رَبِّ کَریم کے دو بڑے نام
عَلیْ و عَظیم ہیں۔ یاحیّ یاقیوم

جو علی ہے، وہی عظیم

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۸

رَبِّ کَریم کی دو بڑی عنایات
عَفوْ اور عَافیت ہیں۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۲۹

میرے آقا رُوحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کا "آپریشن آرڈر"

سراسر رحمت پہ موقوف !

و۔ کسی بیمار کو کچھ نہیں کہنا

و۔ کسی اپاہج کو کچھ نہیں کہنا

و۔ کسی اندھے کو کچھ نہیں کہنا

و۔ جو دوڑ کر اپنا دروازہ بند کر لے،

اُسے کچھ نہیں کہنا

و۔ جو ابوسفیان کے گھر میں آجائے،

اُسے کچھ نہیں کہنا

و۔ جو ایمان لے آئے، اُسے کچھ نہیں کہنا

—— کوئی بدبخت ہو تو ہو، ——

عالمِ رحمت ہر وقت ہر کسی پہ لاگو !

یاحیُ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۳۰

## مشقِ تام

# اِنَّکَ تَرٰی وَلَاتُرٰی

تُو دیکھتا ہے اور دیکھا نہیں جاتا

# وَاَنْتَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی

اور تُو اُونچے منظر میں ہے۔

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱ صـ۹۶)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۶۳۱

قرآنِ کریم اور حدیثِ مطہّرہ بار بار پڑھنے
سے کوئی نہیں اُکتاتا۔ گویا
اپنا کلام آپ ہی پڑھوا رہے ہیں
اور سکھا رہے ہیں۔ کوئی شک نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۱۶۳۲

اپنا کلام اپنے ہی ہاتھوں سے لکھوا رہے ہیں۔
اور شاہد کسے کہتے ہیں۔ ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۱۶۳۳

میرا حال دیکھ کر رونے لگا !

تم جانتے نہیں یہ تو ایک پسندیدہ حال ہے
جو اللہ نے مجھ کو عنایت فرمایا ! یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۶۳۴

وَقف
مُعتبر
وَاقِف

وَاقِف کار ــــــ غیر مُعتبر

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۶۳۵

درجات ——— وراء الوراء

سب سے نچلا درجہ تیج کا ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۶۳۶

رحمت ——— لامحدود

رحمت کہلاسکتی ہی نہیں جب تک

تیج پہ نچھاور نہ ہو! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۶۳۷

پسند ہو نہ ہو ، جِدّت میں تیرا
پہلا نمبر ہو!

جِدّت —— تجدید کی مُنتظِر !

جِدّت ہی نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۳۸

سُبحَانَ العَزِیزِ الوَھَّاب

غیر خیال غیر ہوتے ہیں

ایک نہیں، کئی غیر اِس تن میں رہتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۳۹

THIS BOY IS BORN

IN LONDON, A ZOO.

یاحیُّ یاقیُّومُ

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۶۴۰

CREETINGS TO THE

MIRACULOUS CHANGE!

یاحیُّ یاقیُّومُ

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۶۴۱

THE WISE ONE, WHO IS

NEVER RIDICULOUS.

یاحیُّ یاقیُّومُ

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۶۴۲

HUMANITY IS ANXIOUSLY IN

SEARCH OF "MAN".

WHEN FOUND, EMBRACES.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۶۴۳

سُبحَانَ الْقَوِیّ الْعَزِیْز

صدقات کی توفیق عنایت ہوتی ہے،

اور صدقات قویّ العزیز ہوتے ہیں۔ دیا کرو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۴۴

مچھلی پانی میں رہتی ہے،

تاثیر ــــ گرم!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۴۵

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ
تَبْتِيلًا ۝

سَو بار بھی تشریح کریں،
تبتیلا ہی رہے گا۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۱۱۶۴۶

یہ حال صابر صاحب سے عنایت ہوا۔
جسے چاہیں گے، دیں گے۔ اور
ایسا سالوں بعد ہوتا ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۱۱۶۴۷

تیرے دین کے مُبلّغ کو دیکھ کر شیطان
مُسکرایا "یہ میرے پُورے بَس میں ہے۔
جہاں چاہوں، گرادوں!"

یہ علیؔ العظیم کا بندہ ہے۔
تُو تو کیا، کوئی بھی اِسے
نہیں گرا سکتا!

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ (البقرة - ۲۵۵)
بس وُہی ایک بزرگ و برتر ذات ہے

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۱۱۶۴۸

## علم ——— مراقبات کا شہود

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ — اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ — ہر شے سے پہلے بھی۔
وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ — اور اللہ کے سوا کوئی معبود
بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ — نہیں ہر شے کے بعد بھی۔
وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَبْقٰی — اور لاالٰہ الااللہ ہی باقی رہے گا
وَ یَفْنٰی کُلُّ شَیْءٍ ط — اور ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا جو شخص کہے
لاالٰہ الااللہ .......... الخ

تو اُسے غم و حُزن سے نجات مل جائے گی۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۱۹۳)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۶۴۹

DEVELOPMENT

GRADUALLY DEVELOPES.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۶۵۰

THIS WRITING EMBRACES ALL

ASPECTS OF LIFE, RELIGIOUS

AS WELL AS WORLDLY.

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۶۵۱

UNITY MEANS

RESPECT TO THE CENTRE.

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۶۵۲

DAR-UL-EHSAN MEANS

BLESSING

FROM ALLAH AND FOR ALLAH.

WHAT IS FREE AND WHAT IS

NOT FREE, MUST BE CLEARED.

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۶۵۳

تیری تبلیغ کی پود سے مبلّغ کیوں
پیدا نہ ہوا ؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۵۴

کسی مرنے والے کو بُرائی سے یاد مت
کیا کرو۔ اور نہیں تو
بسم اللہ شریف کا ثواب پڑھ کر
بخشا کرو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۵۵

# ذِکر کی کوئی حد نہیں،
# رحمت کی بھی کوئی حد نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۵۶

# فَخر — گراوٹ کا
# مُوجب!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۵۷

تیرے ناز ہی پہ ناز بولا

کرتا ہے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمْ

۱۱۶۵۸

ابدی غُلام وُہ ہوتا ہے جو

مالِک کے سِوا کسی شریک سے

کبھی کُچھ نہ مانگے !

یہی غُلام مالِک کو پسند ہوتا ہے۔

---

شریک سے مانگنا مالِک کی ہتک۔

مالِک اپنے غلام کا حاجت روا ہوتا ہے ۔

گنّا تو کیا، سارا کماد لٹا دے۔

بھوکا مرے تو مرے شریک سے سوال نہ کرے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۵۹

کسی نے بھی کیا کرنا ہوتا ہے!
اللہ جو چاہے، وہ ہوتا ہے۔

وَاللہُ عَلیٰ کُلِّ شَیٍٔ قَدِیر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۶۰

کھمب کہیں کہیں جنگل میں ہوتی ہے۔
لذیذ ہوتی ہے۔ کئی امراض سے شفاء
ہوتی ہے۔ حُکماء اِسکی تعریف کرتے
نہیں تھکتے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۶۱

ہر دو میں دو ہوتے ہیں :
خیر اور شر
و۔ خیر کا اِستقبال کر
و۔ شر سے پناہ مانگ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۶۲

## توبہ کی توفیق احسانِ عظیم!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۶۳

## قوی الیقین ایمان کُن کناں کا عالم پیدا کرنے کا اہل ہوتا ہے، یہ جنگل میں ہوتا ہے اور جنگل ہی کا اقتدار!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۶۴

الہٰی منشُور کا دستُور
کُن کناں کا شہُود ہوتا ہے۔
نِعمت ہائے عُظمیٰ فہم و اِدراک سے بالا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۶۵

DO WHAT YOU ARE

ACCUSTOMED TO DO.

یَا حَیُّ یَا قَیُّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۶۶

جو ہُوا
ہو رہا ہے
اور ہوگا
مشیّتِ ایزدی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۶۶۷

اگر کوئی کُلّیتاً غیبت بند کر دے،
تو جانوروں تک کی بولی سمجھنے لگے!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۶۶۸

تیری قُدرت کیونکر بندوں کی سمجھ میں
آ سکتی ہے ؟ حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کلیمُ اللّٰہ کا
قِصّہ پڑھ کر خُوب سمجھ آئی۔

اِذْ اَوْحَیْنَآ اِلٰٓی اُمِّكَ مَا

جبکہ ہم نے تمہاری ماں کو وہ بات اِلہام سے بتائی جو

یُوحٰٓی ۝ اَنِ اقْذِفِیْهِ فِی

اِلہام سے بتلانے کی تھی (وہ) یہ کہ موسیٰؑ کو (جلّادوں کے ہاتھوں

التَّابُوْتِ فَاقْذِ

سے بچانے کے لیے) ایک صندوق میں رکھو پھر اُن کو

فِیْهِ فِی الْیَمِّ فَلْیُلْقِهِ الْیَمُّ

دریا میں ڈال دو پھر اُن کو (مع صندوق کے) دریا

بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ

کنارے تک لے آئیگا کہ (آخر کار) اُن کو ایک شخص پکڑ لے گا

لِّيْ وَ عَدُوٌّ لَّهٗ ط وَ اَلْقَيْتُ

جو میرا بھی دُشمن ہے اور اُن کا بھی دُشمن ہے اور میں نے (اے موسیٰؑ)

عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَ

تمہارے اُوپر اپنی طرف سے ایک اثرِ محبّت ڈال دیا (تاکہ جو تمہیں دیکھے،

لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝ طٰهٰ آیت ۳۸ تا ۳۹

پیار کرے) اور تاکہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ!

جو چاہا، ہُوا
جیسے چاہا، کیا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْمِ

۱۱۶۶۹

ابابیلوں سے ہاتھیوں کو مروانا تیری وُہ
مُعجزانہ قُدرت تھی جو ہر تاریخ کو مات کر گئی!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۷۰

تہی دست مُسافر کا جنگل میں توکلت علی اللہ
رہنا اور تیرا بن مانگے عنایت فرمانا،
تیری قُدرت ہی کا اعزاز ہوتا ہے!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۷۱

قُدرت جو چاہتی ہے، ہوتا ہے۔
یہی قُدرت کے کھیل! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۷۲

عالِم ملکُوت میں ذکرِ دوام طاری رہتا ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۷۳

اِس میدان میں ہر شے گِرے،
مزاج اُن کا تھا، کبھی گِرنے نہ دیا!

یہی مزاج کا اصل کیف ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۷۴

مکّار پرلے درجے کا ہوشیار ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۷۵

بَلیّن اَقوال وُہ ہوتے ہیں

جِن پر خود عمل پیرا ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۷۶

THE TALK ALONE

HAS NO POWER.

ACTIONS BROUGHT FORCE.

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۶۷۷

اِتحّاد ہو سکتا ہی نہیں جب تک

ایک دُوسرے کے مُعاون نہ بنو!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۶۷۸

میں نے آپ کو دیکھ لیا
اور تم نے مجھ کو۔
یہ دونوں کے لیے کافی ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۷۹

"*GILHIKMAT*" SHOULD BE

DONE IN SUN.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۶۸۰

REMAIN IN BED UNTIL

YOUR COLD IS BETTER.

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۱

REPENTANCE OF *UMMAH*

CONTINUES TILL DIES.

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۲

تیری قبر میں کلی اور پھول کے
سدا بہار پودے اُگیں،
اہلِ قبور کو مہکائیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۳

کمالِ عالم تھا، اپنے جنازے کی
نماز خود پڑھی!

شمسؒ نے عرض کیا: حضرت!
لوگ مجھ سے پُوچھیں گے کہ صابر صاحبؒ

کی نمازِ جنازہ پڑھانے والا کون تھا تو

میں کیا جواب دوں گا۔ ؟

نقاب پوش نے پردہ ہٹایا...... اور فرمایا:

شمسؒ ! تم مجھ سے فنا اور بقاء کے متعلق

پوچھا کرتے تھے، اُس وقت میں تمہیں

کیسے بتاتا ؟

"یہ فنا ہے اور یہ بقاء !"

یہ فرما کر نظروں سے اوجھل ہو گئے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۴

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ط

( الانبیاء ۔ ۳۵ ، العنکبوت ۔ ۵۷ )

موت نفس کو ہوتی ہے۔

جہاں نفس نہیں، موت بھی نہیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۱۶۸۵

SOUL IS ORIGINALLY PIOUS.

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۱۶۸۶

نفس جب رُوح کے تابع ہو
جاتا ہے، رُوح مُطہّر بن کر
اپنا کام شروع کرنے لگتی
ہے۔ دِل کی کائنات میں
ھلچل مچائے رکھتی ہے۔
جب تک کوئی بھی معاملہ اِس کے
عین مطابق نہیں ہوتا، ہنگامہ بَرپا کیے
رکھتی ہے۔ جلال شیاطین کو جلا دیتا
ہے اور جمال نُوری، ناری، خاکی کو
تسخیر کرلیتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۷

# ربّ ..... سب کا ہے،
# کریم..... ہمارا!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۸

# جگانے کے لیے
# "جاگو" آئی - یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۸۹

یہ سمجھانا مقصود ہے اور دِکھانا مطلوب ہے
کہ کسی کے بھی قبضۂ قُدرت میں کوئی شئے
نہیں۔ ہر شئے کی چوٹی کے بال میرے
ہی دستِ قُدرت میں مضبوطی سے
پکڑے اور جکڑے ہُوئے ہیں۔

لاحول ولا قوة الا باللہ

جنگل و بیابان میں دندناتا چلا چل !
خیر ساتھ ہے ، اِستقبال ہو گا ماشاءاللہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۹۰

دیکھتے نہیں ، جو مَیں چاہتا ہوں

ہوتا ہے۔ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۶۹۱

# زبان تیری

# زمان تیرا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۶۹۲

STRICTNESS —— THREATENING

HARMONY —— WELCOMES HUMANITY

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۹۳

GIVE TO BE GIVEN.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۹۴

HE DOES WHAT HE LIKES.

HE NEVER DOES WHAT

HE DOESN'T LIKE.

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۶۹۵

# عفو والعافیۃ ایک اور زبان ہیں:
# شَانتی شَرُوپ رُوپ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۹۶

# اَللہ سے ڈرا کرو،
# کسی کو مت ڈرایا کرو!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۶۹۷

با مُراد کی ب کا نُقطہ اُوپر لگا دیا جائے،

نامُراد بن جاتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۶۹۸

کیا خُوب اِحسان ہے،

جو کبھی دُھل نہیں سکتے،

دھو رہے ہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

11699

کس بندے بیچارے نے علیّ العظیم سے کیا مانگنا ہوتا ہے !

یہاں کسی بھی شے کی کوئی پروا نہیں ہوتی ،
جو چاہے مانگ ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

11700

شیر کو پنجرے میں بند کرنا تیری قُدرت ہی کا کمال ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۷۰۱

تاریخ نے نامور شخصیتیں پیدا کیں - ان میں سے ایک
یہ ہے "ارجنٹائنا"
(مہابھارت کا ایک درویش راجہ)

یا حیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۰۲

جنگل کی سب سے بڑی دعا :
جھٹکے

یا حیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۰۳

"اے خدا اور اے خدا کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم!

بیشک مجھ سے غلطیاں سرزد ہوئیں۔ میں نے

اپنی غلطیوں کو تسلیم کیا۔ اور تیرے اور تیرے رسولؐ

کے پاس چلی آئی۔ اور میں نے باغی بنکر تجھ سے اور تیرے

رسولؐ سے منہ نہیں موڑا۔ کیونکہ تو اور تیرا رسولؐ مجھے

دنیا کی ہر چیز سے پیارا ہے۔ میرا ایمان ہے کہ

تو معاف کرنے والوں میں بہتر معاف

کرنے والا ہے۔

اے خدا! تو خیرُالوارثین ہونے کا دعویدار ہے،

پس ہمارا وارث بن۔" یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفضلِ العظيم

۱۱۷۰۴

قدرت وہ کہلا سکتی ہے جو کسی کی بھی سمجھ

میں نہ آسکے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۷۰۵

عزم بالجزم مردانگی کا وہ جوہر ہوتا ہے

جو کبھی نہیں ٹلتا۔ ٹل سکتا ہی نہیں۔

جو کرنا ہوتا ہے، کر کے ہی رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۷۰۶

حال کا کلام لازوال ہوتا ہے ،

کوئی فنا اسے فنا نہیں کر سکتی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۷۰۷

جسم الوجود کی مخفی شعاعیں قوی العزیز
کے متعارف ہوتی ہیں۔ کوئی بھی بکھیرے،
بکھر نہیں سکتیں۔ اوّل آخر ظاہر
باطن وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر کی ترجمان ہوتی
ہیں۔ یہی اُمّ الدّماغ کا مُرقّع۔ نہ بدل سکتا ہے
نہ ٹل۔ اصل اصول پہ قائم رہتا ہے۔ نت نئے
عُنوانات کا اِستقبال کرتا ہے اور
کسی بھی حال میں کبھی مایُوس نہیں ہوتا!

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۷۰۸

پیر صاحب رح کے ہمراہ ایک بزرگ رہتے تھے۔ فرماتے:
برکت کو پڑھنے کی تلقین کر

لَآاِلٰـه لادے

اِلَّا اللّٰہ دلوادے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ ملوادے

یَابَدُوْح تُولادے

پھر بکثرت یا بَدُوْح یا بَدُوْح یا بَدُوْح....

---

یَابَدُوْح وارد وجود ہوکر رہتا ہے۔

عبرانی زبان میں یَا بَدُوْح اسمِ ذات۔

واللہ اَعلم بالصواب

یَا بَدُوحُ کا عامل ناپید تو نہیں، کہیں کہیں ہوتا ہے۔

پھر پیر صاحبؒ نے ایک سہل عمل کا ارشاد فرمایا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۷۰۹

"مرد مرد" کہتے ہو، جانتے بھی ہو مرد کسے کہتے ہیں؟
مَرد، مَردوں کی آن ہوتے ہیں۔ ایک بار
منصّۂ شہود پہ وارد ہو کر کبھی نہیں ٹلتے۔
تادمِ آخر اپنا کام جاری رکھتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۱۰

بندہ حاضری کے بَل بوتے ہی پہ تو اِترایا کرتا ہے! حاضری کوئی معمولی چیز ہوتی ہے! اور پھر اُن کی! یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۱۱

فَاعْلَمْ کسی کے بھی قبضۂ قدرت میں کوئی بھی شے نہیں۔ میرے ہی بنائے سے ہر شے بنی ہُوئی ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۱۲

دُنیا بھر کے سب کام لیبر ہی کے
باعث ہوتے ہیں اور لیبر — ریڑھ کی ہڈّی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذو الفضلِ العظیم

۱۱۷۱۳

ہڈّی پسلی پٹھوں کے سِوا کچھ نہ رہا۔
گوشت کا ایک ڈھیر لگ گیا۔ جب
قُدرت نے اس کو دیکھا، بہت
سے بھید کھُلے۔ تیرے عجائبات کا شہود بن گیا۔
کبھی اُن کی طرف دیکھتا ہے، کبھی اُن کی۔ یہ
تجھے دِکھلانا مقصُود تھا، دِکھا دیا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذو الفضلِ العظیم

۱۱۷۱۴

فوج کا دستور ہے کہ ہر جنازہ کو، کسی کا بھی ہو،
گارڈ آف آنر پیش کرتی ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۷۱۵

ہَوا اُڑی
آتش بُجھی
پانی خشک ہُوا
مٹّی کو کیڑوں نے کھایا
شوق شِدّت سے مُنتظر ہے
کب مرا! کب مرا! کب!
اللہ کرے جلدی مرے! اور موت کسی کے

بھی بس میں نہیں۔ آتی ہے اور بدل جاتی ہے۔

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلاغ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۷۶

اِتّحاد کا سبق کسی شہد کی مکھّی سے سیکھ!
ملکہ اُن کی جب اُڑی، سب اُڑ گئیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۷۷

جب کوئی بھی کامیاب ہوتے نہ دیکھا،

غیرت جوش میں آئی - ایک معمولی سے طالب علم کو
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے یومیہ
دلائل الخیرات کا دان دے کر درس کا کفّارہ
کیا - یہ بھی اُن ہی کا فیض تھا !
گویا سب دھونے دُھل گئے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۷۱۸

حال کا استقبال کرنا، بڑی ہی مشکل
کا سامنا ہوتا ہے -

جب رُلانے پہ آتا ہے ،
دِلاسا تھا لاتا ہے - یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۷۱۹

تیرے اَقوال جب یکجا ہُوئے،
دُھوم مچادی!
کائنات مہک اُٹھی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۲۰

اللہ میرا بادشاہ ہے
اللہ ہی بادشاہ ہے
جو چاہتا ہے، ہوتا ہے
نہیں چاہتا، نہیں ہوتا
اور یہی ولایتی اُمور کا اکھاڑا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۷۲۱

بارش رحمت کی نشانی ہوتی ہے۔
مُدّت گزری بارش نہیں برسی !
اِسے جلالْ کہتے ہیں۔ !

یا حی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۷۲۲

" ایکٹنگ کون کرے گا...... ؟"
" میرا لڑکا ! "

(۱۹۲۵)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۷۲۳

آزادی کے پہلے ہی جھٹکے نے*
غلامی کی زنجیروں کو کڑی کڑی کردیا۔
تَن کی قید، اگر مَن آزاد ہو،
کوئی معنی نہیں رکھتی۔ اور
مَن کی قید، اگرچہ تَن آزاد ہو،
دوزخ سے بدَتر!
اے غلام مُلک کے باشِندو!
فِدایانِ حُرّیت آزادی کا پہلا دِن
ہمیشہ نِدانوں ہی میں مناتے چلے آئے ہیں

فَقر کے دو مقام ہیں: نقلی اور اصلی۔
نقلی مقام پر نقلی اَحباب اور اصلی مقام
پر اصلی اَحباب عنایت ہُوا کرتے ہیں۔

اور اصلی مقام کی اِنتہا اَحدِیّت ہے

طالِب جب مطلُوب سے مِلا،
خلوت میں مِلا۔ تنہا ملا۔ طالِب، مطلُوب
کو مِل کر ہی مطلُوب کا عارِف ہُوا۔
راز و نیاز کی کوئی بات کسی نے کبھی اِفشا نہ کی۔

طالِب جب مطلُوب کی طلب میں بڑھا، مُتحیّر ہوا۔
تحیّر کی گہرائیوں سے بچ نکلا تو رُموزِ کائنات
کا عارِف ہُوا۔ مُطمئن ہوا اور خاموش ہُوا۔
جو وہ دیکھتا ہے، اللہ اور بندے کے درمیان
ایک راز ہے ـــ مُقدّس راز۔ یہ راز وہ کِسے بتائے؟
کیسے بتائے؟ اور کیا بتائے؟

بندہ اپنی مرضی سے کچھ بھی کرنے کی قدرت
نہیں رکھتا۔ اسکی پیشانی کے بال اللہ
کی دو اُنگلیوں میں مضبوطی سے پکڑے
اور جکڑے ہوئے ہیں۔ بدوں اِرادتِ الٰہی
کِسی حرکت پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا۔ اس کے
بَس میں کچھ بھی نہیں۔ اس کے پاس ایک
قیمتی چیز ہے اور وہ اس کا سانس ہے۔
اسکی ہر شے اِس سانس ہی میں پوشیدہ ہے۔
جِس اللہ کی تلاش میں تو مارا مارا پھرتا ہے،
ہم مارے مارے پھرتے ہیں، اِس سانس
ہی میں پوشیدہ ہے۔ جِس نے بھی اللہ پایا،
جب بھی پایا، اِس سانس ہی کے پردے میں
چھپا ہوا پایا۔

وُہ ملیں نہ ملیں ۔ تلاش میں تیرا پہلا نمبر ہو !

کبھی یہ نہیں سوچا سانس ختم ، ہر شے ختم ؟

